Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (معاشیات)

انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات' جون 2024

PhD (Economics) Entrance Test Question Paper, June 2024

For Office Use

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

For Office Use

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (معاشیات)

انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات' جون 2024

PhD (Economics) Entrance Test Question Paper, June 2024

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔آخری کے 2 صفحات Rough Work کے لیے ہیں ۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

## (Part A)

## Section-I (Research Methodology)

1. سائنسی تحقیق کی ایک خصوصیت ہے۔

(A) معروضیت Objectivity

(B) درستگی Precision

(C) مفروضے کی جانچ Hypothesis Testing

(D) A اور B دونوں بھی

2. تحقیق میں "Control" کا استعمال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا جاتا ہے۔

(A) تجرباتی جانچ کے لیے

(B) بیک وقت جانبداری کے خاتمے کے لیے

(C) اعداد و شمار کو قابل اعتماد بنانے کے لیے

(D) انفرادی اثر کو برطرف کرنے کے لیے

3. وہ تحقیق جو تحقیقی مسئلہ کے مختلف پہلوؤں کو بہتر انداز میں بیان کرتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تحقیق کہلاتی ہے۔

(A) اکتشافی تحقیق Exploratory

(B) بیانیہ تحقیق Descriptive

(C) توضیحی تحقیق Explanatory

(D) A اور C دونوں بھی

4. وہ طریقہ تحقیق جس میں محقق کسی خاص سماج کا مطالعہ کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(A) مثالوں کا مطالعہ

(B) سروے طریقہ

(C) تاریخی طریقہ

(D) شماریاتی طریقہ

5. Regressand متغیر کو اکثر اس نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

(A) آزاد متغیر

(B) تفتیشی متغیر

(C) پیشن گوئی متغیر

(D) رجعتی متغیر

6. مفروضہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(A) دعوی Proposition

(B) بیان Statement

(C) A اور B دونوں بھی

(D) تجرباتی دعوی Empirical proposition

7. جب محقق دو فرموں میں آمدنی کے درمیانی فرق کو جانچنے کی کوشش کرتا ہے تو کون سا مفروضہ استعمال ہوتا ہے؟

(A) کالعدم Nullمفروضہ

(B) تحقیقی مفروضہ

(C) شماریاتی مفروضہ

(D) دیے گئے سبھی

8. مندرجہ ذیل میں سے کون تحقیقی ڈھانچے کا حصہ نہیں ہے؟

(A) شماریات کا جمع کرنا

(B) مسئلہ کی ترتیب و تزئین کرنا

(C) ادب کا جائزہ

(D) جدول بنانا

9. ایک تحقیقی تجویزresearch proposalمندرجہ ذیل پر مشتمل ہے

(A) مسئلہ کی ترتیب و تزئین

(B) مفروضات

(C) رپورٹ تیار کرنا

(D) Aاور B دونوں بھی

10. آبادی کی قدر اور نمونے کی قدر کے درمیان فرق کو۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(A) نمونے کی غلطی Sampling Error

(B) جانبدار نمونہBiased Sample

(C) غیر جانبدار نمونہUnbiased Sample

(D) ان میں سے کوئی نہیں

11. کثیر المراحل نمونے میں کونسے نمونے کو عام طور پر مطالعے کے لیے چنا جاتا ہے؟

(A) پہلا نمونہ

(B) آخری نمونہ

(C) تیسرا نمونہ

(D) دوسرا نمونہ

12. Categorical data کس پیمانہ جاتی طریق کار کے تحت آتا ہے؟

(A) وقفہ جاتی پیمانہIntervalا

(B) مرتبہ جاتی پیمانہOrdinal

(C) اسم جاتی پیمانہ Nominal

(D) نسبت پیمانہRatio

13. Stochastic error اور past errorکے درمیان تعلق کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

(A) Auto correlation

(B) Correlation

(C) Multi collinearity

(D) Hetero scedasticity

14. Regression کے Variance of error term کو بیان کیا جاسکتا ہے

(A) $1/x^2$

(B) $\frac{\Delta y}{\Delta x}$

(C) $\sigma^2$

(D) $\Omega$

15. Simple regression model میں اگر Parameters کی تعداد K ہو اور Observations کی تعداد N ہو تو Degrees of Freedom کی مقدار ہو گی ۔

(A) K-N

(B) K-n /2

(C) N-K/2

(D) N-K

16. OLS میں غیر یکساں فرق (Varience) کا ہونا۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(A) Homo scedasticity

(B) Hetero scedasticity

(C) Autocorrelation

(D) B اور C دونوں

17. جیسے جیسے نمونے کی مقدار آبادی کے قریب آتی ہے، نمونہ کا اوسط۔۔۔۔۔۔۔۔ بن جاتا ہے۔

(A) نمونہ کا فرق

(B) آبادی

(C) آبادی کا اوسط

(D) ان میں سے کوئی نہیں

18. Regression Model میں R Square کی زیادہ مقدار اور T ratio کی کم مقدار بتاتی ہے

(A) Spuriousness

(B) Biasedness

(C) Unbiasedness

(D) Efficient

19. $H0: \beta = 0$ اور $H1: \beta \neq 0$ کو جانچنے کے لیے کونسے ٹسٹ کو لاگو کیا جاسکتا ہے؟

(A) Two-tailed test

(B) Chi-square test

(C) Z-test

(D) One-tailed test

20. R Square کی مقدار ہوتی ہے۔

(A) -1 to +1

(B) 0 to -1

(C) -∞ to +∞

(D) 0 to 1

21. Adjusted R Square کی مقدار ہوتی ہے۔

(A) -1 to +1

(B) $-\infty$ to $+\infty$

(C) -1 to 0

(D) 0 to +1

22. Perfect Colleneraity کے ساتھ رجعتی ماڈل میں ڈھلان slope کا coefficient کیا ہوتا ہے؟

(A) Determinate
(B) Efficient
(C) Indeterminate
(D) Biased

23. غیر یکساں تغیر unequal variances کو دریافت کرنے کے لیے کونسی جانچ کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) Durbin
(B) Granger
(C) Chow
(D) Glesjer

24. For a regression line Y = b1+b2X , the marginal effect will be;

(A) dY = b2dX
(B) dY = b2/X
(C) dY = X/b2
(D) dy = b2/100(dX)

25. Time Series میں Cointegration سے مراد

(A) مختصر مدتی توازن
(B) طویل مدتی توازن
(C) مختصر مدتی انحراف
(D) طویل مدتی انحراف

## Section II
## Economics

26. WTO کے TRIPS معاہدے کے تحت پیٹنٹ حق (Patent right) کی مدت کتنے سال تک ہوتی ہے۔

(A) 30 (B) 25

(C) 20 (D) 15

27. مندرجہ ذیل میں سے کون سی ایچ ڈی آئی (HDI) میں شامل نہیں ہے۔

(A) متوقع عمر (Life expectancy) (B) تعلیمی حصول (Educational attainment)

(C) فی کس آمدن (Per capita income) (D) بچوں کی اموات (Infant mortality rate)

28. اگر $MUx > Px$، تو توازن حاصل کرنے کے لیے، صارف کھپت (Consumption) میں

(A) اضافہ کرے گا۔ (B) کمی کرے گا۔

(C) مستقل رکھے گا۔ (D) متبادل استعمال کرے گا۔

29. مندرجہ ذیل میں سے کون سا لاگت (Costs) کے بارے میں درست نہیں ہے؟

(A) AFC اور AVC کے گرنے پر AC بھی گرتا ہے (B) جب تک AVC گر رہا ہے، MC بھی گر رہا ہے

(C) جب تک AVC بڑھ رہا ہے، MC بھی بڑھ رہا ہے (D) جب تک AVC بڑھ رہا ہے، MC گر رہا ہے

30. پال سویزی کے اولیگوپولی ماڈل (Paul sweezy's model of oligopoly) کس کی وضاحت کرتا ہے

(A) قیمت کی غیر لچک Price rigidity (B) قیمت کی لچک Price flexibility

(C) قیمت کی غیر جانبداری Price flexibility (D) قیمت کا امتیاز Price discrimination

31. اجارہ داری کے تحت، جب مانگ کی قیمت کی لچک، وحدانی لچکدار (Unitary Elastic: e=1)، ہوتی ہے تب فرم کا

(A) $MR>0$ (B) $MR=0$

(C) $MR<0$ (D) $MR=P$

32. اگر کوئی فرم مکمل مسابقتی مارکیٹ(perfect competitive market) میں واحد متغیر عنصر (single variable factor) کے ساتھ کام کر رہی ہے، تو متغیر عنصر کے لیے ڈیمانڈ کا خط کس سے ظاہر ہوتا ہے:

(A) Marginal Physical Product Curve

(B) Value of Marginal Physical Product Curve

(C) Average Fixed Cost Curve

(D) Marginal Cost Curve

33. Cobb-Douglas پروڈکشن فنکشن کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا درست نہیں ہے؟

(A) اگر $\alpha+\beta = 1$ ہو تو پروڈکشن فنکشن استقرار حاصل (Constant Returns to scale) ظاہر کرتا ہے۔

(B) اگر $\alpha+\beta < 1$ ہو تو پروڈکشن فنکشن تقلیل حاصل (Decreasing Returns to scale) ظاہر کرتا ہے۔

(C) اگر $\alpha+\beta > 1$ ہو تو پروڈکشن فنکشن تکثیر حاصل (Increasing Returns to scale) کو ظاہر کرتا ہے۔

(D) اگر $\alpha+\beta = 0$ ہو تو پروڈکشن فنکشن غیر لکیری (Non-Linear) ہے۔

34. فلاحی معاشیات کا پہلا بنیادی نظریہ کہتا ہے کہ پیریٹو موثر مختص (Pareto efficient allocation) ----

(A) مکمل مسابقت (Perfect competition) کے تحت سامنے آئے گا۔

(B) نامکمل مقابلے (Imperfect competition) کے تحت سامنے آئے گا۔

(C) اجارہ داری (Monopoly) کے تحت سامنے آئے گا۔

(D) سوشلسٹ (Socialist) معیشت کے تحت سامنے آئے گا۔

35. جے آر ہکس (J.R Hicks) کے ساتھ ان میں سے کون وابستہ ہے۔

(A) کارڈینل یوٹیلیٹی اپروچ

(B) آڈینل یوٹیلیٹی اپروچ

(C) براہ راست یوٹیلیٹی اپروچ

(D) بالواسطہ یوٹیلیٹی اپروچ

36. کس طریقہ سے فیکٹر لاگت پر جی ڈی پی ($GDP_{FC}$) کو، مارکیٹ کی قیمت پر جی ڈی پی ($GDP_{MP}$) سے اخذ کیا جا سکتا ہے۔

(A) فیکٹر لاگت پر جی ڈی پی = (مارکیٹ کی قیمت پر جی ڈی پی) + (سبسڈیز) - (بالواسطہ ٹیکس)

(B) فیکٹر لاگت پر جی ڈی پی = (مارکیٹ کی قیمت پر جی ڈی پی) + (سبسڈیز) + (بالواسطہ ٹیکس)

(C) جی ڈی پی فیکٹر لاگت = (مارکیٹ کی قیمت پر جی ڈی پی) - (سبسڈیز) - (بالواسطہ ٹیکس)

(D) فیکٹر لاگت پر جی ڈی پی = (فیکٹر لاگت پر جی ڈی پی) + (سبسڈیز) - (بالواسطہ ٹیکس)

37. جی ڈی پی ڈیفلیٹر (GDP deflator) کا شمار کسطرح کیا جاسکتا ہے:

(A) [(Nominal GDP) - (Real GDP)] x100

(B) [(Real GDP) – (Nominal GDP)]x100

(C) [(Real GDP) / (Nominal GDP)]x100

(D) [(Nominal GDP)/ [(Real GDP)]x100

38. مجموعی اخراجات (aggregate expenditure) کے مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کون سا شرح سود (interest rate) کے ساتھ منفی تعلق کو ظاہر کرتا ہے؟

(A) کھپت اور سرمایہ کاری C+I

(B) کھپت اور ٹیکس C+T

(C) سرکاری اخراجات اور ٹیکس GE+T

(D) کھپت اور سرکاری اخراجات C+GE

39. دیگر چیزوں کو یکساں رکھتے ہوئے، خالص برآمدات (Net exports) میں اضافے کے ساتھ، مجموعی ڈیمانڈ (AD) کا خط۔

(A) بائیں شفٹ ہوگا۔

(B) دائیں شفٹ ہوگا۔

(C) جامد (stagnant) رہے گا۔

(D) غیر یقینی ہوجائے گا۔

40. سرمایہ کاری- بچت خط (IS curve) کے حوالے سے، جب حقیقی شرح سود (r) زیادہ ہو، حقیقی آمدنی (y)......

(A) کم ہوجائے گی

(B) زیادہ ہوجائے گی

(C) مسلسل رہ جائے گی

(D) کبھی کم کبھی زیادہ ہوجائے گی

41. مستقل آمدنی کا مفروضہ (Permanent Income Hypothesis) کس نے پیش کی؟

(A) ملٹن فریڈمین

(B) جے۔ایم۔کینز

(C) جیمز ڈسن بیری

(D) جے۔ایس۔مل

42. زر کی قیاس آرائی پر مبنی طلب (Speculative demand for money) اور شرح سود کے درمیان کس طرح کا تعلق ہے۔

(A) براہ راست Direct

(B) منفی Inverse

(C) لکیری Linear

(D) غیر لکیری Non-Linear

43. ڈیمانڈپل انفلیشن (Demand pull inflation) کے پیچھے مندرجہ ذیل میں سے کون سی وجہ نہیں ہے؟

(A) آبادی میں اضافہ
(B) حکومتی ٹیکس میں کمی
(C) حکومتی اخراجات میں اضافہ
(D) مندرجہ بالا میں سے کوئی بھی نہیں۔

44. ملکی کرنسی کی قدر میں کمی (depreciation of domestic currency) کی وجہ سے۔۔۔

(A) برآمدات میں اضافہ ہوگا۔
(B) برآمدات میں کمی ہوگی۔
(C) درآمدات میں اضافہ ہوگا۔
(D) برآمدات میں اضافہ = درآمدات میں اضافہ

45 فلپس کے خط کے مطابق، اجرت کی افراط زر کی شرح (rate of wage inflation) اور بے روزگاری کی شرح (rate of unemployment) کے درمیان کس طرح کا تعلق ہے۔

(A) منفی inverse
(B) متناسب proportionate
(C) مثبت positive
(D) دونوں b اور c

46. وہ شرح جس سے پروجیکٹ میں سرمایہ کاری کی موجودہ قیمت (present value of investment)، پروجیکٹ سے ملنے والی نقد بہاؤ کی موجودہ قیمت (present value of cash flows) کے برابر ہوتی ہے کیا کہلاتی ہے۔

(A) ڈسکاونٹ ریٹ
(B) سود کی شرح
(C) انٹرنل ریٹ آف ریٹرن
(D) a اور c دونوں

47. سیکنڈ بیسٹ کی تھیوری (theory of second best) کس نے دی تھی۔

(A) امرتیہ سین A Sen
(B) ڈبلیو۔ لیونٹیف W. Leontief
(C) کے۔ ایرو K. Arrow
(D) لپسی اور لنکاسٹر Lipsey and Lancaster

48. صارفین (A,B) کے درمیان اشیاء (x,y) کی بہترین تقسیم کے لئے پاریٹو کی مختتم شرط (Pareto's marginal condition) کس سے ظاہر ہوتی ہے۔

(A) $MRS_{XY}^{A} < MRTS_{XY}^{B}$
(B) $MRS_{XY}^{A} = MRTS_{LK}^{B}$
(C) $MRS_{XY}^{A} > MRTS_{XY}^{B}$
(D) $MRS_{XY}^{A} = MRS_{XY}^{B}$

49. مکمل طور پر مسابقتی مارکیٹ میں، پیداوار میں بیرونیت (Externalities in production) کی عکاسی کس سے ہوتی ہے:

(A) نجی اور سماجی اخراجات کے درمیان فرق Divergence between private and social costs

(B) نجی اور سماجی اخراجات کے درمیان ہم آہنگی۔ convergence between private and social costs

(C) نجی اور سماجی اخراجات کے درمیان مساوات equality between private and social costs

(D) مندرجہ بالا میں سے کوئی بھی نہیں

50. جب کسی سامان کی کھپت غیر حریف ہو (Consumption is non-rival) اور اخراج (Exclusion) نامناسب یا ناقابل اطلاق ہو تو ایسی اشیاء کیا کہلاتی ہیں:

(A) عوامی اشیاء public good

(B) میرٹ اشیاء Merit good

(C) نجی اشیاء Private good

(D) حریف اشیاء Rival good

## حصہ دوم (Part - B)

## Descriptive

چاروں سوالات کے جوابات لکھیے: (4X5 = 20 marks)

### تحقیق کے طریقہ کار (Research Methodology)

1. معاشیاتی تحقیق میں واضح تحقیقی سوال کی تشکیل کی اہمیت پر بحث کریں۔ ایک اچھی طرح سے طے شدہ تحقیقی سوال طریقہ کار اور مجموعی تحقیقی عمل کی رہنمائی کیسے کرتا ہے؟ اپنے نکات کو واضح کرنے کے لیے مثالیں دیں۔
2. معاشیات میں معیار (Qualitative) اور مقداری (Quantitative) تحقیق کے طریقوں کا موازنہ اور ان کے برعکس۔ ہر نقطہ نظر کی طاقت اور حدود کیا ہیں؟ اور کس قسم کی اقتصادی تحقیق میں وہ سب سے زیادہ مؤثر طریقے سے استعمال ہوتے ہیں؟

### متعلقہ موضوع (Subject Concerned)

### معاشیات (Economics)

3. ہندوستانی معیشت میں ڈیجیٹلائزیشن کی کیا حیثیت ہے؟ اس سلسلے میں درپیش مسائل کا جائزہ لیں اور بہتری کے لیے کچھ تجاویز پیش کریں۔
4. انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری زیادہ تیز اور جامع ترقی کے لیے ضروری ہے۔ ہندوستان کے تجربے کی روشنی میں بحث کریں۔

## Rough Work

## Rough Work